لا فتی الا علی لا سیف الا ذو الفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۳	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۲ رجب المرجب ۱۳۴۵ھ مطابق ۱۷ جنوری ۱۹۲۷ء	جلد ۳۹

فہرست مضامین

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اضافہ

۹ جنوری ۱۹۲۷ء

عرضیہ [illegible] پورٹ صاحب فنانشل سکریٹری بہادر دربارہ پندرہ روپیہ ماہوار اضافہ تنخواہ بابو للتا پرشاد نائب بخشی بوجہ ہوشیاری ولیاقت ومحنت وحسن انجام دہی خدمات متعلقہ وہ تخفیف وکمی تنخواہ موجودہ ساٹھ روپیہ بمقابلہ خدمات واضافہ پندرہ روپیہ مذکورہ از یکم جنوری ۱۹۲۷ء

حکم

یکم جنوری ۱۹۲۶ء سے دس روپیہ ماہوار اضافہ بابو للتا پرشاد نائب بخشی کی تنخواہ مین منظور ہو۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۱۰ر جنوری ۱۹۲۶ء

مثبتۂ یادداشت صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات دربارہ منظوری رخصت رعایتی تین ماہ پندرہ یوم منشی بھگوتی سروپ ڈلیوری کلرک صیغہ تعمیرات بغرض روانگی لکھنؤ و انتظام کام رخصتی از علہ موجودہ

حکم

تین ماہ کی رخصت رعایتی منظور ہے۔ ڈلیوری کلرک کے کام کا انتظام علہ موجودہ سے کیا جائے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۵ر جنوری ۱۹۲۶ء

مثبتۂ تحریر حاکم صاحب صدر دربارہ منظوری رخصت مزید دو ماہ اشرفی لال اہلمد سررشتہ دار صلعباقینولیس بوجہ علالت بہ جوض رام پیارے لال پسر رخصتی۔

حکم

دو ماہ کی رخصت مزید با انتظام سابقہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۹ر جنوری ۱۹۲۶ء

مثبتۂ نوٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس دربارہ عطاے منظوری رخصت مزید تین ماہ بوضع تنخواہ سے الطاف حسین خان سب انسپکٹر شاہ آباد برائے علاج

حکم

حسب سفارش صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس رخصت تین ماہ مزید الطاف حسین خان سب انسپکٹر شاہ آباد بوضع تنخواہ منظور ہو۔ احکام جاری ہون

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۰ر جنوری ۱۹۲۶ء

مثبتۂ رپورٹ تحصیلدار صاحب ٹانڈہ دربارہ اضافہ تنخواہ منشی سردار خان محرر مال تحصیل ٹانڈہ تعدادی یک روپیہ ماہوار بجائے کمی تنخواہ و حسن انجام دہی کام۔

حکم

حسب سفارش تحصیلدار صاحب۔ سردار خان محرر مال تحصیل ٹانڈہ کی تنخواہ موجودہ چودہ روپیہ ماہوار مین ایک روپیہ اضافہ منظور ہو۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

۹ر جنوری ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس۔ مبارک حسن انگلش ٹیچر مدرسہ نالہ پار کی میعاد ملازمت غیر مستقل مین ۹ر جنوری ۱۹۲۶ء سے دو ماہ کی توسیع کی گئی۔ لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

۹ر جنوری ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس نظیر احمد خان مدرس منکرہ پرگنہ حضور تحصیل کی ملازمت غیر مستقل مین ۲۶ر جنوری ۱۹۲۶ء سے دو ماہ کی توسیع کی گئی۔

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۹ جنوری سنہ ۱۹۲۶ء

مثل تحریر صاحب چیف مجسٹریٹ ضلع درباره منظوری رخصت دو ماه ولایت حسین خان اہلمد پنج انریری مجسٹریٹی بوجہ علالت بوضع نصف تنخواه بعوض شفیق الرحمن خان اپرنٹس -

حکم

مزید رخصت دو ماه بعوض شفیق الرحمن خان اپرنٹس نصف تنخواه پر منظور ہو۔ نصف رخصتی کو اور نصف عوض کو ملیگی - احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

۱۰ جنوری سنہ ۱۹۲۶ء

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس محمد ولی خان ومصطفے حسین مدرسین مدرسہ پل بچینہ کی ملازمت غیر مستقل میں ۵ جنوری سنہ ۱۹۲۶ء سے دو ماه کی توسیع کی گئی - لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

توسیع

۱۰ جنوری سنہ ۱۹۲۶ء

سید امتیاز حسین مدرس دوم مدرسہ گنج سیف الدین خان کی مدت ملازمت غیر مستقل میں ۵ جنوری سنہ ۱۹۲۶ء سے دو ماه کی توسیع کی گئی - لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

مستقلی

۱۰ جنوری سنہ ۱۹۲۶ء

مثل یادداشت صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ درجہ اول معرفت صاحب مجسٹریٹ ضلع درباره مستقلی رشید الظفر خان اہلمد عارضی اجلاس بوجہ حسن انجام دہی کام -

حکم

چونکہ صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ درجہ اول کو رشید الظفر خان اہلمد کی کوئی شکایت نہیں ہے - غیاث الدین متوفی اہلمد مشاہرہ دس روپیہ پاتا تھا اور تبادلہ عدالت سنگین میں ہوا ہے - لہذا رشید الظفر خان مذکور کی موجوده تنخواه میں دو روپیہ ماہوار اضافہ کیا جائے - اور مستقل تبادلہ اسکا اہلمدی مذکور پر کیا جائے - احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۱۰ جنوری سنہ ۱۹۲۶ء

مثل درخواست عزیز حیدر اہلمد عدالت سرسری فوجداری معرفت صاحب مجسٹریٹ سرسری درباره منظوری رخصت رعایتی یک ماه از ۱۱ جنوری سنہ حال بغرض روانگی وطن -

حکم

رخصت رعایتی نہیں ملسکتی - بوضع تنخواه دیجائیگی - سراج الرحمن خان اپرنٹس ایک ماه کے لئے عوض مقرر کیا جائے - ایک ماه کی رخصت منظور ہو۔ بارہ روپیہ عوض کو ملینگے - باقی رقم سیاہہ سرکار ہوگی - احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۱ جنوری سنہ ۱۹۲۶ء

مثل یادداشت صاحب چیف مجسٹریٹ ضلع درباره اضافہ منشی انوار رسول اہلمد عدالت فوجداری ضلع مبلغ پانچ روپیہ بلحاظ محنت وسلیقہ

حکم

حسب سفارش صاحب چیف مجسٹریٹ انوار رسول اہلمد متعینہ فوجداری ضلع کی تنخواه میں تین روپیہ ماہوار اضافہ کیا جاتا ہے - احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

جرمانہ

۱۰ جنوری سنہ ۱۹۲۶ء

بقصور لکھنے جملے سخت نسبت انسپکٹر صاحب مدارس انور حسین مدرس اول مدرسہ کیمری تحصیل بلاسپور پر دو روپیہ جرمانہ کیا گیا - لہذا

حکم ہوا کہ

نقل حکم ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
واقع ۱۲ ر جنوری ۱۹۲۷ء

محمد علیخان اہلمد ستغیثہ عدالت اپشل مجسٹریٹی درجہ دوم کی درخواست پیش ہوئی
ڈاکٹر صاحب بھی بوجہ علالت چار ماہ مزید رخصت کی سفارش کرتے ہیں
محمد علیخان اہلمد پرانا ملازم ۱۹۰۸ء کا ہے - اسکی دیرینہ ملازمت کی وجہ سے
اسکی درخواست قابل لحاظ ہے - لہذا اس مرتبہ مزید رخصت چار ماہ بلا تنخواہ کی
بعوض حمید رضا خان جو اسکا برادرزادہ ہے منظور کیجاتی ہے - دس روپیہ
عوض مذکور کو اور نو روپیہ رخصتی کو ملینگے - یوم کارکردگی سے عوض کو تنخواہ
دیجائیگی سابق عوض کو بھی تاریخ کارگزاری تک اسی حساب سے تنخواہ دلائی جائے
صاحب مجسٹریٹ ختم مدت پر رپورٹ بھیجیں اور اس جدید عوض کی قابلیت کا
بھی حال لکھیں -

حکم ہے کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر
رخصت
۹ ر جنوری ۱۹۲۷ء

مثبتہ تحریر کنٹرولر صاحب ہوس ہولڈ دربارہ منظوری رخصت مزید
یکماہ ہشت یوم پرجا سروپ اہلمد کمیٹی جانچ بعوض برج رام سرن
از ۲۴ ر دسمبر ۱۹۲۶ء لغایت ۳۱ ر جنوری ۱۹۲۷ء -

حکم

بعوض رخصت مزید ایک ماہ آٹھ یوم کی منظور ہے - آیندہ رخصت نہ ملیگی
احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب ملٹری سکریٹری بہادر
واقع ۹ ر جنوری ۱۹۲۷ء

گوبند پرشاد اہلمد میونسپلٹی کا اضافہ دو روپیہ ہوکر پچیس روپیہ تنخواہ بذریعہ
حکم ۱۵ ر دسمبر ۱۹۲۶ء ہوئی ہے - اب نامبردہ کے سپرد کیشیات کا کام بھی کیا گیا ہے
اسلئے سابقہ دو روپیہ اضافہ سے ہمکو بھی اتفاق ہے - لہذا

حکم ہوا کہ

کاغذات ہذا بغرض اجرائے احکام صدر کو مرسل ہوں

دستخط صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ملٹری سکریٹری بہادر
رخصت
۱۰ ر جنوری ۱۹۲۷ء

مثبتہ تحریر میونسپل افسر صاحب دربارہ منظوری رخصت یکماہ
سے شمبھو ناتھ بیجک محررچنگی بغرض شکاف بعینہ بعوض رام بھروسے لال
برادر رخصتی -

حکم

رخصت ایکماہ بیجک محرر چنگی بعوض رام بھروسے لال منظور ہے - احکام ضابطہ
صدر سے جاری ہوں -

دستخط صاحب ملٹری سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدا ۹ لغایت ۱۵ جنوری ۱۹۲۷ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۶/۶		۷/۶		۶/۶	۷/۶	
نخود خالص	۵/۶		۸/۶		۶/۶	۷/۶	
نخود کستہ آمیز	۶/۶		۷/۶		۰	۶/۶	
کستہ	۸/۶		۸/۶		۰	۶/۶	
ماش	۵/۶		۶/۶		۰	۶/۶	
مونگ	۵/۶		۵/۶		۰	۵/۶	
مکا	۵/۶		۵/۶		۷/۶	۹/۶	
جئی	۹/۶		۰		۰	۱۰/۶	
گوجئی	۸/۶		۰		۰	۷/۶	
عدس	۶/۶		۰		۰	۶/۶	
ارہر	۵/۶		۰		۰	۸/۶	
برنج	۵/۶		۵/۶		۵/۶		
روغن زرد	۰ چھٹانک		۱۱/۶		۱۰/۶	۱۰/۶	
روغن سیاہ	۷/۶		۷/۶		۷/۶	۱/۶	
روغن کنجد	۱/۶		۱/۶		۱/۶	۱/۶	
نمک سانبھر	۱۲/۶		۱۲/۶		۱۲/۶	۱۲/۶	
نمک لاہوری	۶/۶		۶/۶		۰	۸/۶	
قند سیاہ	۴/۶		۷/۶		۸/۶	۲/۶	
باجرہ	۶/۶		۹/۶		۰	۹/۶	